★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

# روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 12 ذیقعدہ 1446ھ، 10 مئی 2025ء، 27 بیساکھ 2082ء | 8 صفحات 15 روپے | شمارہ نمبر 183

# بھاگتی رہ جانے دو ایٹمی قوتوں کو جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا پاکستان

بھارتی جنگی جنون پر دنیا کو تشویش ہونی چاہیے، بھارتی میڈیا منصوبہ بندی کے تحت خطے کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت جوابی کارروائی کا حق رکھتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان

بھارتی میڈیا منصوبہ بندی کے تحت خطے کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، پہلگام حملے سے پاکستان کا کوئی تعلق نہیں، بھارت نے کشیدگی نہ بڑھانے کے عالمی مطالبات پر کان نہیں دھرے، صحافیوں کو بریفنگ



اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ بھارت کی جارحیت نے دوایٹمی قوتوں کو جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، بھارتی جنگی جنون پر دنیا کو تشویش ہونی چاہیے، بھارتی میڈیا منصوبہ بندی کے تحت خطے کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت جوابی کارروائی کا حق رکھتا ہے۔ جمعہ کو ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھارتی جنگی جنون پر دنیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

## ایل او سی پر بھارتی فوج کی فائرنگ، پاک فوج نے کئی بھارتی چیک پوسٹیں اور بنالیں ہیڈ کوارٹر تباہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) لائن آف کنٹرول پر ایک مرتبہ پھر بھارتی جارحیت میں پہل کے بعد پاکستان کی جانب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد میں پی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری انٹرنیشنل میڈیا کے ساتھ اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے

## امریکا کا پاک بھارت جنگ میں مداخلت نہ کرنے کا فیصلہ

امریکا سفارت کاری کا راستہ اختیار کر سکتا ہے: نائب امریکی صدر جے ڈی وینس

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں مداخلت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مداخلت نہیں کرے گا جس سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکی ٹی وی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ امریکا اس جنگ میں

# عمر اخان کی زندگی کو اڈیالہ جیل میں شدید خطرہ ہے علی امین گنڈاپور کا دعویٰ

وزیراعلیٰ کے پی نے بانی پی ٹی آئی کی پیرول پر رہائی کیلئے درخواست دائر کر دی، ہومی سنٹرل جیل اڈیالہ کو بھی ڈرون حملے کیلئے اہم ٹارگٹ کے طور پر دیکھ سکتا ہے، درخواست میں مؤقف

بانی پی ٹی آئی امت مسلمہ کے لیڈر ہیں اور امید ہے ہمیں انصاف ملے گا، عدالتوں سے ہمیشہ درخواست کی ہے جو لوگ عدالتوں کا حکم نہیں مانتے ان کے خلاف ایکشن لیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی زندگی کو اڈیالہ جیل میں شدید خطرہ ہے، ان کی رہائی کیلئے درخواست دائر کی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی امت مسلمہ کے لیڈر ہیں اور امید ہے ہمیں انصاف ملے گا، انہوں نے کہا کہ عدالتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

# کھوئی رٹہ اور باغ میں بھارت کی سول آبادی پر گولہ باری 4 افراد شہید متعدد زخمی

جمعرات اور جمعہ کی شب کنٹرول لائن پر شدید گولہ باری کی گئی ہے جس کا پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا اور درجن کی چوکیوں کو نشانہ بنایا ہے، جبکہ برذول سیکٹر میں نشانہ بنایا

باغ کے گاؤں کوٹ مینڑی نجم خان میں بھارتی گولہ باری سے 22 سالہ نوجوان اسامہ عشرت شہید ہو گیا جبکہ انکی دو بہنیں شدید زخمی ہوئی: وزیر صحت آزاد کشمیر نثار الخضر ابدالی

کھوئی رٹہ (این این آئی) آزاد کشمیر کے ضلع کوٹلی آبادی پر بلا اشتعال گولہ باری کی گئی جس میں 40 دن کی معصوم بچی اور انکی ماں سمیت 4 افراد شہید اور خواتین اور بچوں سمیت متعدد شہری زخمی ہو گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کھوئی رٹہ کے گاؤں کوڑہ کے گھروں کو نشانہ بنایا گیا جس میں بھارت نے شدید گولہ باری کی جہاں سمرہ آصف زینہ آصف خورشید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

# پاکستان اپنے وقار اور آزادی کی حفاظت کرنا جانتا ہے، پاک فوج



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت عام شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے، بھارتی طیارے رات بارہ بج کر دس منٹ پر پاکستان سائیڈ پر آئے، رافیل طیاروں کے پائلٹ کی گفتگو بھی سنائی، پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے الزام پاکستان پر لگا دیا

حقیقت کیا ہے یہ دیکھنا چاہیے مگر اس کے برعکس بھارتی میڈیا نے بغیر ثبوت کہنا شروع کر دیا کہ پاکستان ملوث ہے، پہلگام واقعہ دوپہر کو 30 منٹ پر پیش آیا اور دس منٹ بعد متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر درج ہوگئی

## گودی میڈیا جرنلزم کے نام پر سیاہ دھبہ بن چکا ہے: عظمیٰ بخاری

1965 میں لاہور فتح کرنے کا خواب دیکھنے والا بھارت، تاریخ کی عبرتناک شکست سے دوچار ہوا

مودی سرکار کے ایک جھوٹ کو بھارتی میڈیا سو گنا بڑھا کر پیش کرتا ہے، وزیر اطلاعات پنجاب بخاری نے کہا ہے کہ گودی میڈیا جرنلزم کے نام پر سیاہ دھبہ بن چکا ہے اور مودی حکومت کے توے سے چاٹنے میں آخری حد تک جا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

## پاک بھارت کشیدگی ہمارے پاس تحمل دکھانے کا وقت نہیں، وزیر دفاع

بھارت اپنے سیاسی فائدے کیلئے جھوٹ پر جھوٹ بول رہا ہے، بھارت کیلئے ہمارا پیغام ہے کہ وہاں سوا ارب لوگ رہتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ہمارے پاس دنوں میں انتظار کرنے اور ٹویٹ دکھانے کا وقت نہیں، پی ایل اے، پی ٹی وی اور پی بھارت کی پاکستیر ہیں۔ پی ٹی وی سے گفتگو کے دوران خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت اپنے سیاسی فائدے کیلئے جھوٹ پر جھوٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور (غیر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گودی میڈیا جرنلزم کے نام پر سیاہ دھبہ بن چکا ہے اور مودی حکومت کے توے سے چاٹنے میں آخری حد تک جا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد: وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائمقام امریکی سفیر تانیہ بیکر ملاقات کر رہی ہیں

## ایرانی وزیر خارجہ کا اٹلی ڈاسے ٹیلیفونک رابطہ، بھارت سے کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این این آئی) ایران پاکستان اور بھارت میں کشیدگی کم کرانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

## بھارتی وزیر خارجہ نے شکر اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وزیر خارجہ نے شکر اور امریکی وزیر خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی پارٹی لیڈران کیساتھ گروپ فوٹو

## بھارت میں بلیک آؤٹ، پاکستانیوں کا مورال بہت بلند ہے، امریکی اخبار

## پاک بھارت تنازع کیلئے ثالثی کا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، امریکی سفیر

واشنگٹن (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی پر ایک بار پھر امریکی اخبار نے لکھا ہے کہ بھارت میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے جبکہ پاکستان میں لوگوں کا مورال بہت بلند ہے۔ اخبار نے اپنے تجزیے میں لکھا کہ پاک بھارت تنازع کیلئے ثالثی کا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

## عوام کا حکومت پاکستان پر بھارت کو جواب دینے کا دباؤ ہے، رضوان سعید شیخ

## بھارت نے کرکٹ سٹیڈیم پر حملہ کیا، وہاں کیا دہشتگرد ہوتے ہیں؟ پاکستان سفیر کا انتروبہ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی سفیر برائے امریکا رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ عوام کا حکومت پاکستان پر بھارت کے جواب دینے کا دباؤ ہے۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں رضوان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: ڈی جی نیب لاہور محمد احترام الرئیب لاہور کے تمام ممبران دستاف کے ہمراہ ملک کی سلامتی اور پاک فوج کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا کر رہے ہیں

## پاکستان اپنی سلامتی پر ہرگز آنچ نہیں آنے دے گا، محسن نقوی

خطرناک صورت حال کا ذمے دار بھارت، پاک بھارت کشیدگی، وزیر داخلہ سے قائمقام امریکی سفیر کی 48 گھنٹوں میں دوسری ملاقات

بھارت سے تمام بین الاقوامی قوانین کو پامال کر کے شہری آبادیوں کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی: وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے دوران وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائمقام امریکی سفیر کی 48 گھنٹے میں دوسری ملاقات ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائمقام امریکی سفیر کی ملاقات میں دوسری اہم ملاقات میں پاک بھارت کشیدگی اور سرحدوں پر تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے قائمقام امریکی سفیر کو بتایا کہ بھارتی جارحیت سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

## بھارت کا پہلگام واقعہ، بھارتی ایجنسی کی سیاحوں اور عینی شاہدین سے تفتیش میں مدد کی اپیل

بھارتی مرکزی تفتیشی ایجنسی تاحال پہلگام واقعے کے ذمہ داروں کے تعین میں ناکام ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی اپنی مرکزی تفتیشی ایجنسی تاحال پہلگام واقعے کے ذمہ داروں کے تعین میں ناکام ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارت نے 6 اور 7 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

## عدالتی کارکردگی کی نگرانی کیلئے ڈیش بورڈ تیار کرنے کا فیصلہ

جسٹس مظہر کی زیر صدارت کمیٹی کا عدلیہ میں ڈیجیٹل تبدیلی کی رفتار تیز کرنے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی نے عدالتی نظام میں ڈیجیٹل تبدیلی کی رفتار تیز کرنے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

جسٹس محمد علی مظہر کی زیر صدارت ٹیکنیکل کمیٹی اجلاس

## بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، حنیف عباسی

گجرات کے قصائی نے صرف مسلمانوں کے خون سے ہاتھ نہیں رنگے بلکہ دیگر اقلیتوں کا بھی خون بہایا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ افواج پاکستان کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ اور دشمان ممکن جواب دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

## وزارت اقتصادی امور کا سرکاری ایکس اکاؤنٹ بیک ہو گیا

مذکورہ اکاؤنٹ سے کی جانے والی کسی بھی پوسٹ کا وزارت سے کوئی تعلق نہیں ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اقتصادی امور نے بتایا ہے کہ وزارت اقتصادی امور کا سرکاری ایکس اکاؤنٹ بیک کر لیا گیا۔ ترجمان اقتصادی امور نے بتایا ہے کہ وزارت اقتصادی امور کا سرکاری ایکس اکاؤنٹ بیک کر لیا گیا ہے۔ دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

## 10 بے مثال رافیل پر بھارت فضائی جنگ نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا

اس چھڑپ میں چین کے تیار کردہ پاکستانی جے-10 لڑاکا طیارے اور فرانسیسی ساختہ بھارتی رافیل طیارے ایک دوسرے کے مدمقابل آئے

## پاکستانی فضائیہ نے پھر پور دفاع کرتے ہوئے 5 بھارتی طیارے مار گرائے جن میں 3 رافیل طیارے شامل تھے، پاک فوج

اسلام آباد/نئی دہلی (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب ہونے والی فضائی جھڑپ نے دنیا کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا لی ہے۔ پاک فوج کے مطابق اس جھڑپ میں چین کے تیار کردہ پاکستانی جے-10 لڑاکا طیارے اور فرانسیسی ساختہ بھارتی رافیل طیارے ایک دوسرے کے مدمقابل آئے، جسے عالمی ماہرین آسمنہ جنگی تحکت عملیوں اور فضائی ٹیکنالوجی کی جانچ کیلئے اہم قرار دے رہے ہیں۔ پاک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

## سعودی عرب میں ولادیمیر پوٹن سے مکمنہ ملاقات شیڈول میں نہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سعودی عرب میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

## چلی میں چھوٹا ایمبولینس طیارہ گر کر تباہ، 6 افراد ہلاک

سانتا کوز (این این آئی) چلی میں ایک چھوٹا ایمبولینس طیارہ گر کر تباہ ہونے سے اس پر سوار 6 افراد ہلاک ہو گئے۔ چینی میڈیا رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

## پاک فوج نے بھارت کے اسرائیلی ساختہ مزید 6 ڈرونز گرا دیے، تعداد 35 ہو گئی

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے بھارت کے اسرائیلی ساختہ مزید 6 ڈرونز گرا دیے، جس بعد تعداد 35 ہو گئی۔ سکور کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

## ایلون مسک اور ڈرگ کرنسی سمیت اہم امریکی سرمایہ کار آئندہ ہفتے سعودی عرب کا دورہ کریں گے

ریاض، نیویارک (این این آئی) امریکا کی بڑی کمپنیوں کے سربراہان اور سرمایہ کار آئندہ ہفتے سعودی عرب کا دورہ کریں گے۔ عرب ٹی وی کے مطابق دورہ کرنے والوں میں ایلون مسک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

## الیکشن کمیشن نے وقار مہدی کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پیٹریاٹ پارٹی کے وقار مہدی کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ وقار مہدی پیٹریاٹ پارٹی کے سینئر رہنما تھے جو 6 مئی کو ہونے والے انتخابات میں وقار مہدی نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: وفاقی وزیر میاں محمد معین وٹو بار پولیٹرو یاور پراجیکٹ بارے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

## آئی ایم ایف کے مطالبے پر بجٹ میں درآمدی گاڑیاں سستی ہونے کا امکان

آئندہ مالی سال کا بجٹ دو جون کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا، میڈیا بار پورٹس

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کے مطالبے پر بجٹ میں درآمدی گاڑیاں سستی ہونے کا امکان ہے، آئندہ مالی سال کا بجٹ دو جون کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نئے بجٹ میں درآمدی گاڑیاں سستی ہونے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

## بھارت کی جانب سے بیک کیا گیا ایکس پی ٹی کا اکاؤنٹ ٹویٹر اکاؤنٹ کچھ گھنٹوں بعد بحال

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ ٹرسٹ کا آفیشل ٹویٹر اکاؤنٹ بھارت نے بیک کر لیا جس کو کچھ گھنٹوں بعد بحال کر دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

## مودی کا گودی میڈیا بے نقاب، پرانی ویڈیو سے نیا جھوٹ گھڑ لیا

راے فسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس پاکستان کے خلاف جھوٹے دعوؤں پر مبنی خبریں پھیلا رہے ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا بریفنگ میں اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی مسلح افواج کے ہاتھوں برہاد پر شرمناک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وزیر دفاع خواجہ آصف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، افواج پاکستان کو سلام پیش

وفاقی وزیر سے سینیٹر پرویز رشید کی ملاقات، پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

## اگر بھارت نے آنکھ کی بھی جھپکی تو پاکستان اس کا جواب اس طرح دے گا کہ دنیا کے ہاتھ لگے گی: رانا تنویر

تنویر حسین سے سینیٹر پرویز رشید نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ بھارت ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھے، تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے سینیٹر پرویز رشید سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بھارت کے ہاتھوں میرے میں ایک مسجد پر حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ بزدلانہ کارروائی کا بھارت کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ پاکستان کی فوج نے فوری طور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے سینیٹر پرویز رشید ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض



# سٹی نیوز

## نمازوں کے اوقات



| | |
|---|---|
| صبح صادق | 3:55 |
| فجر | 4:55 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 5:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 8:30 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786



لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نجی یونیورسٹی میں منعقدہ ''سندھ طاس معاہدہ: چیلنجز، خودمختاری اور حکمت عملی'' سیمینار میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی ایک سنگین عالمی مسئلہ ہے: سپیکر پنجاب اسمبلی

## ہم پر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی مسلح افواج اور پوری قوم مل کر اس کا جواب دیں گے: ملک محمد احمد خان

## بھارت نے سندھ طاس معاہدہ کو توڑنے کی کوشش کی تو پاکستان اپنے تمام سفارتی، قانونی اور اسٹریٹجک آپشنز استعمال کرے گا

## پانی پاکستان کی زندگی ہے، اور اس پر کوئی سودے بازی نہیں ہوگی

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی ایک بہت بڑا سانحہ ہے اور اگر ہم پر جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی مسلح افواج اور پوری قوم مل کر اس کا جواب دیں گے۔ وہ یو ایم ٹی لاہور میں منعقدہ ''سندھ طاس معاہدہ: چیلنجز، خودمختاری اور حکمت عملی'' کے عنوان سے مکالمے میں خطاب کر رہے تھے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، مگر کمزوری نہیں۔ اگر بھارت نے سندھ طاس معاہدہ کو توڑنے کی کوشش کی تو پاکستان اپنے تمام سفارتی، قانونی اور اسٹریٹجک آپشنز استعمال کرے گا۔ پانی پاکستان کی زندگی ہے، اور اس پر کوئی سودے بازی نہیں ہوگی۔ اگر یہ جنگ پانی کی ہے، تو یاد رکھیں، پاکستانی قوم اپنی نسلوں کے تحفظ کے لیے 100 سال تک لڑنے کا حوصلہ رکھتی ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ 1960 کا سندھ طاس معاہدہ پاکستان کی امن پسندی اور رواداری کی علامت تھا، لیکن بھارت کی جانب سے دریائے چناب، جہلم اور سندھ پر متنازعہ ڈیمز اور منصوبے معاہدے کے یک طرفہ خاتمے کے مترادف ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے واضح کیا کہ بھارتی حکومت کی ہندتوا سوچ نہ صرف داخلی اقلیتوں بلکہ پوری خطے کی خودمختار ریاستوں کے لیے بھی خطرہ بن چکی ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ 25 کروڑ عوام کا حق کوئی ملک چھیننے کا تو اسے جواب دیں گے، اگر جنگ مسلط ہوئی تو ہم افواج پاکستان کے ساتھ مل کر لڑیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ بھارت آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے، اور اس کی یہ روش واٹر ٹیررازم کے مترادف ہے۔ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہے اور پاکستان نے ہمیشہ بین الاقوامی قوانین و معاہدوں کی پاسداری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کو روکنا، بڑی جنگ کو دعوت دینا ہے۔ چین کے گاما پتراسے 38 فیصد پانی بھارت جاتا ہے، اگر پاکستان کا پانی رکا تو چین بھی پانی روک سکتا ہے۔ تقریب سے صدر یو ایم ٹی اور سابق صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں اسرائیلی ڈرون اور رافیل کو مار گرانا، ثابت کرتا ہے کہ پاکستان کی افواج باصلاحیت ہونے کے ساتھ بہترین حکمت عملی رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بھارت بین الاقوامی امن و عامہ کے لئے بنائے گئے قوانین کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہے، جسے بین الاقوامی سطح پر بھی تنقید کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں

## محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام صوبہ بھر کی مساجد میں دفاع وطن کے سلسلے میں جمعۃ المبارک کے خصوصی اجتماعات اور ریلیوں کا اہتمام

### جمعۃ المبارک کے اجتماعات اور ریلیوں میں بھارتی جارحیت کی مذمت اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا




لاہور (صابر عوری) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام صوبہ بھر کی مساجد میں دفاع وطن کے حوالے سے جمعۃ المبارک کے خصوصی اجتماعات اور ریلیوں کا اہتمام ہوا، جن میں بھارتی جارحیت کی مذمت اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے شہدا کیلئے خصوصی دعاؤں اور پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر علماء کرام نے ''استحکام پاکستان، دفاع پاکستان اور پیغام پاکستان'' کو موضوع سخن بناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط اور مستحکم ہے۔ محراب و منبر، خطہ پاک کی حفاظت، بقا اور سالمیت کے لیے متحد ہے۔ پاکستان کے تمام سیکیورٹی ادارے حالات سے بخوبی آگاہ ہیں اور دشمن کو بھرپور جواب دے رہے ہیں۔ مادر وطن کے تحفظ کیلئے اپنی افواج کی پشت پر کھڑے ہیں، ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ بھارت خطے میں دہشت گردی سے باز رہے، دفاع پاکستان کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان امن کی بقاء کا ضامن ملک ہے۔ ہیں میں کسی کو بھی امن سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ جامع مسجد دربار حضرت داتا گنج بخشؒ، عالمگیری بادشاہی مسجد، جامع مسجد نیلا گنبد جامع مسجد چوک دالگراں لاہور، جامع مسجد شاہ چراغ لاہور، جامع مسجد وزیر خان لاہور، جامع مسجد دربار حضرت بابا فرید الدین مسعودؒ گنج شکرؒ پاکپتن، جامع مسجد گول چوک سرگودھا، مرکزی جامع مسجد راجہ بازار راولپنڈی، جامع مسجد بلاک نمبر 1 سرگودھا، جامع مسجد کولوالی سرگودھا، جامع مسجد بلاک ادوکانڑہ، مرکزی مسجد تعلیم القرآن گوجرہ، جامع مسجد بلاک نمبر 3 ڈیرہ غازی خان، جامع مسجد خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن شریف، جامع مسجد دربار حضرت سخی سرورؒ ڈیرہ غازی خان، جامع مسجد دربار عبدالوہاب دائرہ دین پناہ مظفر گڑھ، جامع مسجد دربار حضرت عنایت شاہ لیہ، جامع مسجد شاہ رکن عالمؒ ملتان، جامع مسجد شاہ یمن سبز واریؒ ملتان، جامع مسجد دربار حضرت بہاؤالحق زکریاؒ ملتانی جامع مسجد جھوک وینس ملتان، جامع مسجد جنازہ گاہ ملتان، جامع مسجد کچہری فیصل آباد، جامع مسجد 273 رائے چک فیصل آباد، جامع مسجد حنیف غازی آباد فیصل آباد سمیت پنجاب بھر کی مساجد میں فقید المثال اجتماعات اور ریلیوں میں عوام پاکستان کی کثیر تعداد شریک ہوئی، جنہوں نے پاکستان کی سربلندی کے عزم اعادہ کیا۔

## نواب ٹاؤن کے علاقے میں لوہا مارکیٹ کے تاجر کو لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نواب ٹاؤن کے علاقے میں لوہا مارکیٹ کے تاجر کو لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق نواب ٹاؤن کے علاقے میں لین دین کے تنازع پر شہزاد، وقار اور اسامہ نے فائرنگ کرکے لوہے کے تاجر طارق کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے تینوں ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کرکے گرفتار کر لیا ان کے خلاف مقدمہ درج کرکے ملزمان کو انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا

## مستی گیٹ پولیس نے لاکھوں مالیت منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر خاتون منشیات فروش کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مستی گیٹ پولیس نے لاکھوں مالیت منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر خاتون منشیات فروش کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق مستی گیٹ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کے دوران منشیات فروش خاتون ممتاز بی بی کو گرفتار کر کے *ملزمہ کے قبضہ سے 2000 گرام آئس برآمد* کر لی اور ملزمہ کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمہ اندرون سٹی کے مختلف مقامات پر منشیات فروخت کرتی تھی

## بھارت دونوں اطراف کی عوام کا امن داؤ پر لگا رہا ہے: چوہدری احمد فاروق ساہی

### بھارت کی شکست یقینی ہے، پاک افواج بہترین حکمت عملی رکھتی ہے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ممتاز سیاسی سماجی شخصیت چوہدری احمد فاروق ساہی نے بھارت کی جانب سے ڈرون حملے کرنا، عام شہریوں کو شہید کرنا بھارتی فورسز کی بزدلانہ کارروائی اور بوکھلاہٹ کی نشانی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھارت دونوں اطراف کی عوام کا امن دا پر لگا رہا ہے، بھارت کی شکست یقینی ہے، پاک افواج بہترین حکمت عملی رکھتی ہے پاکستانی عوام پاک افواج کے حوصلے بلند کرنے کے لئے ہر لحہ ساتھ ہیا نہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام کے حوصلے بلند ہیں وہ اپنی پاک افواج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں

## سٹی ٹریفک پولیس لاہور کا مادر وطن سے محبت و عقیدت کا اظہار

### سی ٹی او لاہور کے حکم پر تمام سرکاری گاڑیوں پر پاکستانی پرچم لگا کر آج کی ڈیوٹی کا آغاز کیا گیا

### پاکستان ہماری بنیاد ہے اسکی مٹی میں شہیدوں کا لہو شامل ہے: ڈاکٹر اطہر وحید

لاہور (خبر نگار) سٹی ٹریفک پولیس لاہور کا مادر وطن سے محبت و عقیدت کا اظہار، سی ٹی او لاہور کے حکم پر تمام سرکاری گاڑیوں پر پاکستانی پرچم لگا کر آج کی ڈیوٹی کا آغاز کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس کے تمام افسران وسیکٹر کی گاڑیوں اور پٹرولنگ بائکس پر پاکستانی پرچم لگا کر ڈیوٹی کا آغاز کیا گیا۔ پاکستان ہماری بنیاد ہے اسکی مٹی میں شہیدوں کا لہو شامل ہے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا ہے کہ حصول پاکستان کی جدوجہد اور شہدائے پاکستان کی قربانیاں فراموش نہیں کر سکتے۔ پاکستان کا بچہ بچہ پاکستان ہے اور وطن کی خاطر ہر طرح کی قربانی کیلئے تیار ہے۔ ڈاکٹر اطہر وحید نے مزید کہا کہ ٹریفک پولیس لاہور مادر وطن سے محبت کا اظہار آج قومی پرچم آویزاں کر کے ڈیوٹی کے آغاز سے کر رہی ہے۔ ٹریفک پولیس لاہور کے تمام افسران شہریوں کی مدد کے لئے ہر لحہ تیار ہیں۔ ڈاکٹر اطہر وحید کے مطابق ہر پاکستانی اپنی افواج کی بہادری، جذبہ حب الوطنی اور جنگی صلاحیتوں پر فخر کرتا ہے، پنجاب پولیس مشکل کی ہر گھڑی میں افواج پاکستان کے شانہ بشانہ شہریوں کی مدد کو تیار ہے۔

## رات کے اندھیرے میں بھارت نے جارحیت کا ارتکاب کر کے معصوم شہریوں کا خون بہایا

### بھارت کی غلط فہمی میں نہ رہے پاکستانی افواج کی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں: حافظ عبدالغفار



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے نائب صوبائی امیر حافظ عبدالغفار نے کہا کہ رات کے اندھیرے میں بھارت نے جارحیت کا ارتکاب کر کے معصوم شہریوں کا خون بہایا جو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں ہے افواج پاکستان نے معصوم شہریوں کے خون کا فوری طور پر بدلہ لیکر یہ ثابت کر دیا ہے کو بھارت کسی غلط فہمی میں نہ رہے پاکستانی افواج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں اور پوری قوم اپنے بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاک فوج کے اظہار اظہار یکجہتی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی تحفظ اور سالمیت کیلئے تمام سیاسی، مذہبی قوتیں ایک پیج پر ہیں حکومت اپنی بہادر افواج کے پشت پر ہے اگر بھارت باز نہ آیا تو ہماری عظیم فوج قوم کی دعاؤں سے انڈیا کو ایسا سبق سکھائے گی کہ آئندہ وہ اس طرح کی جرات نہیں کرے گا ریلی جامعہ عزیزیہ اہلحدیث سے شروع ہو کر کچہری چوک میں اختتام پذیر ہوئی ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور مودی مردہ باد کے نعرے لگائے علاوہ ازیں مرکزی امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث سینیٹر علامہ ساجد میر کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی اور ان کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی

## کینٹ میں سخت پابندی کے باوجود شاپر مافیا سرگرم

### بلڈنگ اور انکروچمنٹ عملے میں تگڑی شفارش پر تعینات۔ کرپٹ۔ احسن نامی جو کہ اپنے بھائی کی شفارش کی وجہ سے جائز ناجائز کام کر رہا ہے

لاہور (فرید بابر سے) ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کہ ایک اسٹیشن میں ملازمین کی لاپرواہی اور افسران کی توجہ نہ لینے کی وجہ سے کینٹ میں سخت پابندی کے باوجود شاپر مافیا سرگرم جبکہ عملہ بلڈنگ سمیت انکروچمنٹ کرپشن میں ملوث پائے جانے کا انکشاف۔ زرائع کے مطابق۔۔ لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کو ہر ماہ کروڑوں روپے مالیت کا نقصان کون کون کروانے میں مصروف جن میں زیر فہرست احسن نامی ہے ۔لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کے اعلی ملازمین نے بتایا کہ بلڈنگ اور انکروچمنٹ عملے میں تگڑی شفارش پر تعینات ۔کرپٹ ۔احسن نامی جو کہ اپنے بھائی کی شفارش کی وجہ سے جائز ناجائز کام کر رہا ہے اس کا بھائی جو راولپنڈی ڈی جی آفس میں کلرک تعینات ہے اس کے نام پر شہریوں کو لوٹ رہا ہے۔اس احسن نامی کے خلاف ۔متعدد درخواستیں اسٹیشن کمانڈر اور سی ۔ای۔او۔ لاہور۔ آفس آنے کے باوجود انکوئری نہ لگ سکی جو اپنی سیٹ پر تعینات ہے جبکہ۔ دوسرے شہروں سے ٹرانسفر ہو کے آنے والے بغیر تجربہ کاروں کو بڑی سیٹوں پر لگایا گیا جو ہر ماہ لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کو کروڑوں کا نقصان پہنچا رہے ہیں لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کے اعلی افسران نے اپنا موقف دیتے ہوئے بتایا کہ ۔کرپٹ ملازمین کے خلاف پہلے بھی آپریشن کیا گیا پورہ عملہ تبدیل کیا تھا جبکہ احسن کے خلاف خفیہ۔ انکوائری مطابق ۔کرپٹ ملازمین کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔




## ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) ڈھڈیال کا اچانک دورہ کیا

### اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) ڈھڈیال کا اچانک دورہ کیا اور تمام شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں سے بھی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے آر ایچ سی انتظامیہ کو احکامات جاری کئے کہ مؤثر ہیلتھ کیئر مینجمنٹ کے ذریعے علاقہ کے عوام کو علاج معالجہ کی معیاری سہولیات فراہم کو یقینی بنایا جائے ۔ڈپٹی کمشنر نے ہیلتھ سینٹر میں صفائی، ادویات کے سٹاک اور دیگر انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا اور آر ایچ سی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ عوام کو بروقت طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر نے آر ایچ سی میں ری ویمپنگ کے کام کا بھی معائنہ کیا اور منصوبے کی تکمیل عمدہ معیار کے ساتھ مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

## ہائی ٹیک یونیورسٹی کی ٹیم میگا بائٹ پاکستان کی پہلی بین الاقوامی کمبیٹ روبوٹکس چیمپئن بن گئی

### مقامی اختراعات سے لے کر قومی سطح پر غلبہ تک، ٹیم نے پاکستان کے بڑے روبوٹکس ایونٹس میں تیزی سے کامیابی حاصل کی



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایک تاریخی کامیابی میں، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا سے ٹیم میگا بائٹ نے تونس میں ENIM روبوٹ 10 کمبیٹ روبوٹکس مقابلے میں کامیابی حاصل کر کے تاریخ رقم کر دی ہے اور اس مقابلے میں تاریخ ساز کامیابی حاصل کر کے یہ پاکستان کی پہلی بین الاقوامی چیمپئن بن گئی ہے کمبیٹ روبوٹکس کا سفر 2022 میں شروع ہوا، جب پرجوش انجینئرنگ طلبہ حمزہ چغتائی، زین چغتائی، عبدالواحد، عزیر احمد، اور مرحوم محمد ابوبکر نے ٹیم میگا بائٹ بنائی اور ہائی ٹیک یونیورسٹی اور پاکستان کی عالمی سطح پر نمائندگی کا خواب دیکھا۔ مقامی اختراعات سے لے کر قومی سطح پر غلبہ تک، ٹیم نے پاکستان کے بڑے روبوٹکس ایونٹس میں تیزی سے کامیابی حاصل کی SOFTEC چیمپئن FAST NUCES لاہور NASCON چیمپئن FAST NUCES اسلام آباد NERC چیمپئن YRT چیمپئن UET پشاور مسلسل لگن اور تکنیکی مہارت کے ساتھ، میگا بائٹ نے 2025 میں تونس میں بین الاقوامی ٹائٹل حاصل کر کے نئی بلندیوں کو چھوا، جس سے ہائی ٹیک یونیورسٹی کو اس اہم مقابلے میں کامیابی کا منفرد اعزاز حاصل ہو گیا ہے۔ یہ تاریخی کامیابی یونیورسٹی کی قیادت اور قومی اداروں کی بھرپور حمایت سے ممکن ہوئی۔ ٹیم اپنی دلی شکر گزاری پیش کرتی ہے: کامران آفاق، وائس چانسلر، ہائی ٹیک یونیورسٹی طلحہ اصغر، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز و زیر اعظم یوتھ پروگرام اور چیئرمین رانا مشہود احمد خان OGDCL کی کفالت کے لیے تونس میں پاکستانی سفارتخانہ اور سرین، ڈائریکٹر فارن افیئرز، ENIM روبوٹ 10 نوجوانوں کے لیے اپنے پیغام میں ٹیم مینجمنٹ کی کاوشوں کو سراہا:"۔

## چین کے جنوبی علاقے میں چین اور کمبوڈیا کے ربڑ کی پیداوار کے مرکز کا آغاز

نان ننگ (شنہوا) ربڑ کی پیداوار کے چین کمبوڈیا (نان ننگ) مرکز کا باضابطہ آغاز چین کے جنوبی گوانگشی ژوانگ خودمختار علاقے کے دارالحکومت نان ننگ میں کیا گیا۔ یہ نیا مرکز جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ صنعتی تعاون اور سرحد پار تجارت کو بڑھانے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ نان ننگ جامع بانڈڈ زون میں واقع 7 ہزار 500 مربع میٹر کی سہولت میں ایک ربڑ مکسنگ لائن شامل ہے جس کی سالانہ گنجائش 24 ہزار ٹن ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک آر اینڈ ڈی سنٹر اور گودام بھی شامل ہے۔ اس منصوبے کو کمبوڈیا اور تھائی لینڈ کے سرمایہ کاروں کا تعاون حاصل ہے۔ تکنیکی معاونت اور موقع پر نگرانی تھائی لینڈ کے ماہرین کی ایک ٹیم فراہم کر رہی ہے۔ 2026 تک اس مرکز پر 1.08 ارب یوآن (تقریباً 14 کروڑ 98 لاکھ امریکی ڈالر) کی سالانہ صنعتی پیداوار ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے جس میں تخمینہ ٹیکس شراکت 5 کروڑ 40 لاکھ یوآن سے زیادہ ہے۔ نان ننگ کے ڈپٹی میئر ژونگ ہونگ نے کہا کہ اس منصوبے پر صرف 79 دنوں میں عملدرآمد کیا گیا جو آسیان سرمایہ کاری کو آسان بنانے کے لئے شہر کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں آسیان چین کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار رہا جس کی مجموعی تجارت 1.17 کھرب یوآن تک پہنچ گئی جو ایک سال قبل کے مقابلے میں 1.7 فیصد زیادہ ہے۔

## رات کے اندھیرے میں نہتے شہریوں پر بھارتی جارحیت انتہائی شرمناک اقدام ہے

### رت نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کیا جو کسی صورت قابل قبول نہیں: قیصر محمود ساقی



گوجرانوالہ (نوید بخاری بیورو) سینئر جرنلسٹ قیصر محمود ساقی نے کہا ہے کہ رات کے اندھیرے میں نہتے شہریوں پر بھارتی جارحیت انتہائی شرمناک اقدام ہے اس کی جتنی بھرپور مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بارہا دفعہ مودی کو پیار کی زبان سے سمجھا چکے ہیں کہ ہم پر امن قوم ہیں لیکن بھارتی وزیر اعظم نے جب تک منہ کی نہیں کھائی اسے سکون نہیں آیا بھارت کے اس اقدام سے وہ خود ہی عالمی سطح پر ایکسپوز ہو گیا ہے۔ جنگ پاکستان اور بھارت دونوں کے عوام کی مفاد میں نہیں۔ بھارت نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کیا جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اس حوالے سے مسلح افواج کی اقدامات کی بھرپور حمایت کرتے اور یقین دلاتے ہیں کہ قوم ان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملائے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ قیصر محمود ساقی نے مزید کہا کہ دشمن کو بھرپور جواب دے کر حساب برابر کرنے کی ضرورت ہے۔ بھارت کی انتشار پسندی تو بہت پرانی ہے لیکن جب سے مودی نے اقتدار سنبھالا ہے وہ ہندوتوا نظریے کے تحت کشمیر اور بھارت میں مسلمانوں، سکھوں اور مسیحوں پر ظلم ڈھا رہا ہے۔ ان کی عبادت گاہوں کو مسمار کیا جا رہا ہے، انہیں عبادت کی اجازت نہیں ہے۔

## ہم صرف جذبے ہی میں نہیں بلکہ مہارت اور حکمتِ عملی میں بھی آگے ہیں: وائس چانسلر

### ریلی میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید نے شرکت کی



لاہور (خبر نگار) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں پاکستانی قوم اور مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کے لیے عظیم الشان ریلی کا انعقاد، ریلی میں اساتذہ، عملے اور طلباء کی کثیر تعداد میں شرکت۔ شرکاء نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ ریلی میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید نے شرکت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد عمر چوہدری کا کہنا تھا کہ ہم پُرامن قوم ہیں لیکن اپنا دفاع کرنا جانتے ہیں، پانچ بھارتی جنگی طیارے اور درجنوں جدید ڈرون مار گرانا ہماری فوج کی شاندار مہارت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف جذبے ہی میں نہیں بلکہ مہارت اور حکمتِ عملی میں بھی آگے ہیں، ہماری یہ کامیابی دشمن کے لیے وارننگ ہے۔ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید کا کہنا تھا کہ پوری قوم کو اپنی افواج پر فخر ہے، ہماری امن کی خواہش کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان کی 25 کروڑ عوام افواج کے شانہ بشانہ آہنی دیوار بن کر کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ درست جہت میں قوم کی رہنمائی اور تربیت اساتذہ کی کلیدی ذمہ داری ہے۔

## ریس کورس پولیس نے دوران واردات معمر خاتون کی جان لینے والا ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ریس کورس پولیس نے دوران واردات معمر خاتون کی جان لینے والا ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق 4 روز قبل زمان پارک میں چھینا جھپٹی کے دوران معمر خاتون زمین پر گری اور اس کے سر پر شدید چوٹ آئی تھی بعد ازاں بزرگ خاتون سلمہ قمر دوران علاج خالق حقیقی سے جا ملی، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے افسوسناک واقعہ کا نوٹس لیا اور ایس پی سول لائنز کو ملزمان کی گرفتاری کا خصوصی ٹاسک دیا، جس پر ڈی ایس پی مزنگ، ایس ایچ او ریس کورس اور لٹن روڈ کی سربراہی میں جوائنٹ ٹیم تشکیل دی گئی۔




## اینٹی کرپشن نے تحصیلدار سٹی، سب رجسٹرار گلبرک ٹاؤن، پٹواری موضع اچھرہ سمیت دیگر 23 ملزمان کے خلاف جعلسازی اور فراڈ کا مقدمہ درج کر لیا

جعلی انتقال وراثت 55583، 55584، 5586، بحق الزام علیہان ہیزل وسیم، ای سی ڈی جیمز، کوحلقہ پٹواری، تحصیل دارسٹی نے مبینہ بھاری رشوت لیکر پاس کیا: مقدمہ کا متن

ملزمان جمشید رحمت اللہ، ہیزل وسیم، ای سی ڈی جیمز، محمد لیاقت، اخلاص، جاوید بٹ، محمد علی، اعظم خان، محمد آصف بٹ و دیگر نے گلبرگ میں پراپرٹی ہتھیانے کیلئے جعلسازی دفراڈ کیا: درخواست کا متن

### مقدمہ اوورسیز پاکستانی ناصر غوث کی درخواست پر درج کیا گیا، انٹی کرپشن نے انکوائری کا آغاز کر دیا

لاہور (خبر نگار) اینٹی کرپشن لاہور ریجن نے اوورسیز پاکستانی کی شکایت پر تحصیلدار سٹی لاہور، سب رجسٹرار گلبرگ ٹاؤن، رجسٹری محرر گلبرگ ٹاؤن حلقہ پٹواری موضع اچھرہ الوکل کمیشن ایم ایچ مجاہد سمیت دیگر 23 نامزد ملزمان کے خلاف جعلسازی اور فراڈ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ ملزمان کے خلاف تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اینٹی کرپشن لاہور ریجن کو ناصر غوث ولد چوہدری محمد غوث کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ ملزمان جمشید رحمت اللہ، ہیزل وسیم دختر ایف ایم سمتھ، ای سی ڈی جیمز دختر ایم ایف سمتھ، محمد لیاقت قوم چدھڑ ساکن وہاڑی، اخلاص حنیف ولد محمد حنیف، جاوید بٹ ولد محمد شریف، محمد علی، اعظم خان، محمد اصف بٹ، محمد عمر نذیر، محمد عثمان نذیر، محمد اصف عباس، معظم علی، کاشف الیاس، ابوبکر حیات، سید حسین جعفری امتیاز حسین، وسیم اللہ و دیگر لوگ گلبرگ میں واقع پراپرٹی کو ہتھیانے کے سلسلہ میں جعلسازی اور فراڈ میں ملوث ہیں اوورسیز پاکستانی ناصر غوث نے اپنی درخواست میں موقف اختیار کیا کہ رقبہ تعدادی دو کنال، ایک مرلہ، پختون مربع فٹ بذریعہ سیل ڈیڈ دستاویز نمبر 2474 جلد نمبر 1007، بہی نمبر 1، مورخہ 28-07-2021 سب رجسٹرار گلبرک ٹاون مالک ہے سائل نے مذکورہ پلاٹ تعمیر کرنے کے لئے کھدائی شروع کی تو درخواست میں موجود الزام علیہان 9 تا 23 نے سائل کو تعمیر سے روک دیا اور مذکورہ پلاٹ کی بابت جعلی کاغذات دکھائے جسکی ترتیب درج ذیل ہے

| جعلی انتقال وراثت |
|---|
| 55583، 55584، 5586، بحق الزام علیہان ہیزل وسیم، ای سی ڈی جیمز، جس کو حلقہ پٹواری اور تحصیل دارسٹی نے الزام علیہان مذکورہ سے بھاری رشوت لیکر پاس کیا اور مذکورہ انتقال میں الزام علیہان جمشید رحمت اللہ، جاوید رحمت اللہ، لیاقت علی ولد ریاض نے بطور شناخت کنندہ اور گواہ اپنے دستخط کئے مذکورہ تینوں الزام علیہان کینال پارک کے رہائشی نہ ہیں مذکورہ انتقال اس وجہ سے جعلی اور بوگس ہے اس میں ایم بی سمتھ ولد ٹی سمتھ کی جانب سے حقائق کے برعکس جعلی انتقال وراثت بحق ہیزل وسیم پاس کیا حقائق یہ ہیں کہ ایم بی سمتھ نے اپنی جائیداد دو کنال، ایک مرلہ، پختون مربع فٹ واقع کینال پارک گلبرگ ٹو لاہور اپنی بیوری جیمز سمتھ کو بذریعہ ہبہ نامہ رجسٹرڈ دستاویز نمبر 177، بہی نمبر 1، جلد نمبر 2921 ایڈیشنل بک نمبر 1، جلد نمبر 154، مورخہ 1-02-1950، سب رجسٹرار لاہور ٹرانسفر کر دی تھی جسکی کاپی لف ہے مذکورہ ہبہ نامہ کی موج

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 10 مئی 2025ء

# نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد کی وفد کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

## بزنس کمیونٹی کی حکومت اور افواج پاکستان کے لئے مکمل حمایت کا عندیہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ ڈپٹی کمشنر میٹنگ میں موجود تھے



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کے نمائندہ وفد نے نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد کی زیر قیادت ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی سے ملاقات کی اس موقع پر سابق صدر سیالکوٹ چیمبر مسجد رضا بھٹی اور عمیر محمود شعبہ آر این ڈی وفد میں شامل تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ ڈپٹی کمشنر میٹنگ میں موجود تھے۔ ملاقات میں نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عمر خالد نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو موجودہ صورتحال کے تناظر میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کیجانب سے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی مادر وطن پاکستان پر بھارتی جارحیت کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اپنی حکومت اور افواج پاکستان کی ہر قسم کی حمایت کی یقین دہانی کراتے ہیں۔

## شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے۔ معصوم بچوں کی شہادت کا بدلہ لیں گے۔ صاحبزادہ عاصم حبیب

ظفروال (زاہد چوہدری سے) نفصیلات کے مطابق سول سوسائٹی کی طرف سے انڈین بمباری سے شہید ہونے والے معصوم بچوں کیلئے دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی صاحب زادہ محمد عاصم حبیب سلہریا پیٹرن چیف میٹروپولیٹن پریس کلب و صدر علماء مشائخ ونگ پاکستان مسلم لیگ ن ضلع نارووال کہا کہ رات کے اندھیرے میں مکار دشمن کی بمباری سے سول آبادی میں درجنوں نہتے شہریوں کی شہادت کی پُرزور مذمت کرتے ہیں اور ہم معصوم بچوں کیلئے دعا گو ہیں کہ الٰہی ان بچوں کو اپنے والدین کیلئے باعث مغفرت و بخشش بنا دے۔



انصاف کا سب سے بڑا جرم صرف آواز بلند کرنا ہے پی ٹی آئی کے کارکنوں نے ہمیشہ صبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا عمران خان سمیت تمام گرفتار قیادت کو رہا کیا جائے۔

## جی ٹی روڈ کے وسط میں واقع حفاظتی دیوار کے اوپر اور دونوں اطراف لگائے گئے لوہے کے جنگلے غائب

### لاکھوں روپے مالیت کے جنگلے چوروں اور نشئیوں کی جانب سے چوری کر کے مقامی کباڑیوں کو فروخت کر دیے جاتے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی انتظامیہ کی عدم توجہی و دلچسپی جی ٹی روڈ جہلم لاہور موڑ دینہ سوہاوہ پر نصب کیے گئے لوہے کے جنگلے بیشتر مقامات سے غائب۔ جی ٹی روڈ کے وسط میں واقع حفاظتی دیوار کے اوپر اور دونوں اطراف لگائے گئے لوہے کے جنگلے بھی غائب کر دیے گئے زرائع سے معلوم ہوا ہے کہ لاکھوں روپے مالیت کے جنگلے چوروں اور نشئیوں کی جانب سے چوری کر کے مقامی کباڑیوں کو فروخت کر دیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے حادثات روزانہ کا معمول بن چکے ہیں زرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بیشتر مقامات سے این ایچ اے کی انتظامیہ لوہے کے جنگلے نکلوا کر زیر اباد لے گئی ہے بالا نکہ جنگلے نصب کرنے کا مقصد شہریوں کو حادثات سے محفوظ بنانا تھا تازہ ترین صورتحال یہ ہے کہ سوہاوہ دینہ اور جی ٹی روڈ جہلم لاہور موڑ کے مقامات پر اکثر و بیشتر مقامات سے یا تو لوہے کے جنگلے چوری کر لیے گئے ہیں یا پھر این ایچ اے کے متعلقہ زمہ داران جنگلے وزیر اباد لے گئے ہیں جسکی وجہ سے جی ٹی روڈ پر جنگلے نہ ہونے کی وجہ سے حادثات روزانہ کا معمول بن چکے ہیں شہریوں۔ نے سوزیر اعظم پاکستان چیرمین این ایچ اے سے مطالبہ کیا ہے جی ٹی روڈ سے غائب ہونے والے لوہے کے جنگلوں کا لوٹس لیا جائے اور ملوث کرداروں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں۔

## کوٹ رادھا کشن اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کی زیر نگرانی پاکستان زندہ آباد ریلی نکالی گئی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کی زیر نگرانی پاکستان زندہ آباد ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں مختلف سیاسی سماجی صحافی، وکلاء، تاجر، مذہبی، ادبی، ثقافتی تنظیموں وسول سوسائٹی نے خصوصی شرکت کی تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کی زیر نگرانی پاکستان زندہ آباد ریلی نکالی گئی ریلی ڈاکخانہ چوک سے شروع ہو کر پاکستانی چوک پر اختتام پذیر ہوئی ریلی میں مسلم لیگ ن کے کارکنوں سرکاری ملازمین تاجر وکلا صحافیوں سیاسی سماجی مذہبی تنظیموں کے زمہ داران اور سول سوسائٹی نے خصوصی شرکت کی اور پاکستان زندہ آباد پاک فوج زندہ آباد کے نعرے لگائے۔ آخر میں ملکی سلامتی کیلئے دعائے خیر کی گئی۔

## بھارتی جارحیت اور حملے کے خلاف اور افواج پاکستان کی حمایت میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کے افراد کی طرف سے ریلی کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بھارتی جارحیت اور حملے کے خلاف اور افواج پاکستان کی حمایت میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کے افراد کی طرف سے ریلی کا انعقاد تفصیلات کے مطابق مرکزی جامع مسجد کھوکھر انوالی سے بعد از نماز جمعہ ایک ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت حضرت مولانا نعیم الدین اور مصعب رجوکہ ایڈووکیٹ نے کی ریلی کے شرکا نے بڑے بڑے بینرز اور پاکستانی پرچم اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج کے حق میں نعرے درج تھے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے معروف عالم دین حضرت مولانا نعیم الدین نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے بھارت نے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کیا ہے جس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

## امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر جہلم کے تعلیمی اداروں میں 2 دن کی چھٹیوں کا اعلان

### تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے جمعہ 9 مئی اور ہفتہ 10 مئی کو بند رہیں گے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ سکولز و ہائیر ایجوکیشن نے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر جہلم سمیت پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں 2 دن کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا محکمہ تعلیم کے زرائع کا کہنا ہے کہ تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے جمعہ 9 مئی اور ہفتہ 10 مئی کو بند رہیں گے۔ چھٹیوں کے احکامات پنجاب بھر کے سکولز، کالجز اور یونیورسٹیوں کیلئے ہیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ اس دوران پنجاب بھر میں انٹرمیڈیٹ کے جاری امتحانات اور پریکٹیکل بھی 2 روز کیلئے ملتوی کر دیئے گئے ہیں۔ منوسخ شدہ پیپرز اور پریکٹیکل کی نئی تواریخ کا اعلان بعد میں کر دیا جائے گا۔ زرائع کا کہنا ہے کہ سوموار 12 مئی سے تدریسی عمل معمول کے مطابق شروع ہوگا۔ دوسری جانب او لیول، اے لیول کے امتحانات کو شیڈول کے مطابق جاری رکھنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ محکمہ سکول و ہائیر ایجوکیشن نے اس ضمن میں الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے ہیں۔

## انڈیا نے بلا جواز بلا اشتعال پاکستان پر حملہ کیا، حساب دینا ہوگا: اظہار بٹ

### انڈیا نے جنگ شروع تو کر لی ہے اب اسے ہم بتائیں گے کہ جنگ کسے کہتے ہیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) افواج پاکستان ہمارا غرور ہے انڈیا نے بلا جواز بلا اشتعال پاکستان پر حملہ کیا اسے اس کا حساب دینا ہوگا، افواج پاکستان نے انڈیا کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے انڈیا کے کئی ڈرون طیاروں کو مار گرایا، انڈیا نے جنگ شروع تو کر لی ہے اب اسے ہم بتائیں گے کہ جنگ کسے کہتے ہیں ان خیالات کا اظہار بٹ برادری فاؤنڈیشن پاکستان و انٹرنیشنل ضلع فیصل آباد کے صدر شفقات جمیل بٹ صاحب نے ہندوستان کی جارحیت کے خلاف مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان آرمی دنیا کی بہترین فوج ہے اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے انڈیا کے حملوں کو پسپا کیا پوری قوم کو پاکستان آرمی پر فخر ہے اور قوم پاکستان آرمی کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔



# تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ میں بچوں کی دیکھ بھال کیلئے ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح

## بچوں کی بہتر نگہداشت اور محفوظ ماحول ہر ادارے کی ذمہ داری ہے، ڈے کیئر سینٹر کو بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے: کمشنر گوجرانوالہ



گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق پنجاب ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی معاونت سے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ میں خواتین ملازمین کے بچوں کی نگہداشت کے لیے ایک جدید سہولت سے آراستہ ڈے کیئر سینٹر کا باضابطہ افتتاح کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں اراکین صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان اور فیصل سندھو نے بھی بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ رشید احمد بھٹی، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ، بورڈ آفیسرز، اور بورڈ ملازمین بھی موجود تھے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے ڈے کیئر سینٹر کے قیام کو خواتین کے لیے ایک خوش آئند قدم قرار دیا اور کہا کہ اس سہولت سے بورڈ میں کام کرنے والی خواتین ملازمین کو نہ صرف ذہنی سکون میسر آئے گا بلکہ وہ اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں مزید احسن طریقے سے ادا کر سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی بہتر نگہداشت اور محفوظ ماحول ہر ادارے کی ذمہ داری ہے، اور یہ ڈے کیئر سینٹر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے اسی وژن کی عملی تعبیر ہے۔ ایم پی ایز نے بھی اس موقع پر خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے ایسے منصوبوں کو سراہا اور حکومت کی جانب سے مزید سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈے کیئر سینٹر کو بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس میں تربیت یافتہ عملہ، تعلیمی سرگرمیاں، کھانے پینے کی معیاری سہولیات اور صحت و صفائی کے اعلیٰ انتظامات شامل ہیں۔ بورڈ انتظامیہ نے ملازمین کو یقین دہانی کرائی کہ ڈے کیئر سینٹر کا انچارج بھی نامزد کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کا یہ اقدام خواتین کو بااختیار بنانے اور کام کی جگہوں پر ایک معاون ماحول فراہم کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ڈے کیئر سنٹر میں بچوں کے کھیلنے کیلئے کھلونے، پلے میٹنگ ایریا اور کھلونوں کے ساتھ ساتھ بچوں کی دیکھ بھال کیلئے دیگر سہولتیں بھی میسر ہیں۔ بورڈ کی خواتین ملازمین نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ کے محکموں میں خواتین ملازمین کو دی جانے والی سہولیات میں ڈے کیئر سنٹر بھی شامل کروانے پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## ایک خاتون بورڈ ملازمہ کو ڈے کیئر سنٹر کا انچارج بھی نامزد کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کا یہ اقدام خواتین کو بااختیار بنانے اور کام کی جگہوں پر ایک معاون ماحول فراہم کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ڈے کیئر سنٹر میں بچوں کے کھیلنے کیلئے کھلونے، پلے میٹنگ ایریا اور کھلونوں کے ساتھ ساتھ بچوں کی دیکھ بھال کیلئے دیگر سہولتیں بھی میسر ہیں۔ بورڈ کی خواتین ملازمین نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ کے محکموں میں خواتین ملازمین کو دی جانے والی سہولیات میں ڈے کیئر سنٹر بھی شامل کروانے پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی کی زیر صدارت افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد ہوا

### پوری قوم پاک فوج کی کامیابی و کامرانی کیلئے دعا گو ہے: ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پوری قوم پاک فوج کی کامیابی و کامرانی کیلئے دعا گو ہے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر قیادت افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ضلع کچہری چوک سے ریلی کا انعقاد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ سید ایوب بخاری سمیت ضلعی انتظامیہ کے ماتحت مختلف محکموں کے آفیسران، ملازمین، سول سوسائٹی و شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا پاکستانی فوج جرات و بہادری سے ملکی جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کر رہی ہے۔ پاکستان فوج بھارتی فوج کو منہ توڑ جواب دے رہی ہے۔ فوج کو عوام کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ شہری فوجی تنصیبات اور ان کی نقل و حرکت کی وڈیو اور تصاویر ہرگز نہ بنائی۔ فوجی تنصیبات اور نقل حرکت سوشل میڈیا پر شیئر کرنا وطن سے غداری تصور کی جائے گی۔ سیالکوٹ میں ڈورن سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پاکستانی فوج نے کامیابی تمام ڈورن کو مار گرایا ہے۔ ورکنگ باؤنڈری کے مکینوں کیلئے ریلیف کیمپ کی ورکنگ مکمل ہے۔ تاہم ابھی عوام ریلیف کیمپ میں لانے کیلئے نہیں کہیں گے۔ ایس ڈی پی او سیالکوٹ کی قیادت میں سیالکوٹ پولیس نے سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔

## اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کے ہسپتال، بی ایچ یو اور اراضی ریکارڈ سنٹر کے دورے، سروس ڈیلوری میں بہتری کے احکامات جاری

### ایم ایس ڈاکٹر نذیر ہراج اور دیگر میڈیکل سٹاف اپنی ڈیوٹی پر موجود تھے، اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامی امور کا جائزہ لیا



میاں چنوں (کھسیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کے ہسپتال، بی ایچ یو اور اراضی ریکارڈ سنٹر کے دورے، سروس ڈیلوری میں بہتری کے احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں ساجدہ رزاق نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا، جہاں ایم ایس ڈاکٹر نذیر ہراج اور دیگر میڈیکل سٹاف اپنی ڈیوٹی پر موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انتظامی امور کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے مریضوں کی سہولت کے لیے قائم کردہ سہولت کاری ڈیسک کا مشاہدہ کرتے ہوئے کہا کہ اس کا مقصد مریضوں کو درپیش مشکلات کا فوری حل فراہم کرنا ہے، انہوں نے کہا کہ اب مریضوں کو مختلف کاؤنٹرز پر بھاگنے کی بجائے تمام ضروری معلومات ایک ہی جگہ سے دستیاب ہوں گی، جس سے وقت اور محنت کی بچت ہوگی، ساجدہ رزاق نے ہسپتال انتظامیہ کو سختی سے ہدایت کی کہ مریضوں کو دستیاب ادویات بروقت اور آسانی سے فراہم کی جائیں، کسی بھی قسم کی کوتاہی یا شکایت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے 131/15L میں واقع بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) کا بغیر اطلاع اچانک دورہ کیا، جہاں صفائی کی ناقص صورتحال پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے عملے کو وارننگ جاری کی، ان کا کہنا تھا کہ مریضوں کی صحت اور صفائی کے معیار پر کسی قسم کا مجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اسسٹنٹ کمشنر نے اراضی ریکارڈ سنٹر کا بھی دورہ کیا، جہاں ایل آر او ضیاء الرحمان اور ایس سی آئی محمد سجاد نے اراضی ریکارڈ سنٹر کی سروسز اور سٹمز پر مکمل بریفنگ دی، اسسٹنٹ کمشنر نے وہاں موجود سائلین سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور سروس ڈیلوری سے متعلق دریافت کیا، انہوں نے کہا کہ اراضی ریکارڈ سنٹر میں آنے والے شہریوں کو مکمل سہولیات فراہم کی جائیں، اور کسی کو بھی غیر ضروری رکاوٹ یا پریشانی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔

## ہنگامی حالات اور حادثات سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں: ڈپٹی کمشنر

### اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم۔ اسسٹنٹ کمشنرز، ریسکیو، صحت، تعلیم، سول ڈیفنس، میونسپل کمیٹی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سید حیات نے پاک بھارت کشیدگی اور موجودہ جنگی صورتحال کے پیش نظر تمام محکموں کو کہا ہے کہ ہنگامی حالات اور حادثات سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم۔ اسسٹنٹ کمشنرز، ریسکیو، صحت، تعلیم، سول ڈیفنس، میونسپل کمیٹی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کو اپنے اپنے تعلیمی ایمرجنسی پلان کے مطابق متحرک رہنے کی ہدایت کی۔ سول ڈیفنس تعلیمی اداروں میں سیفٹی ڈرلز جاری رکھیں۔ ریسکیو 1122 کو ہدایت کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے انتظامات مکمل رکھیں۔ ہنگامی صورتحال میں ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کا عملہ متعلقہ انتظامیہ کے ساتھ رابطے میں رہے اور فوری رسپانس دے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لئے حکومتی ایس او پیز کے مطابق ہمہ وقت تیار رہیں۔ تاکہ فوری رسپانس سے بروقت امداد کی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر چکوال نے کہا کہ ڈی سی آفس میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی اطلاع کنٹرول روم کو دیں

## پوری قوم عسکری قیادت اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے: صدر سٹی پریس کلب میاں محمد نواز

### ہم امن پسند لوگ ہیں لیکن ملکی سالمیت پر حملہ کسی صورت بھی برداشت نہیں کریں گے پاک فوج پر اعتماد ہے: جنرل سیکرٹری محمد صاحب میو

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پوری قوم عسکری قیادت اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے ہم امن پسند لوگ ہیں لیکن ملکی سالمیت پر حملہ کسی صورت بھی برداشت نہیں کریں گے پاک فوج پر اعتماد ہے بھارت کو جواب ضرور ملے گا پاکستان رہتی دنیا تک قائم رہے گا مودی جیسا بیوقوف اور بزدل شخص خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے بھارت میں ایک عجیب تماشہ لگا ہوا ہے بھارتی میڈیا سمیت بھی پاگل ہو کر اپنے حواس کھو بیٹھے ہیں ان خیالات کا اظہار سٹی پریس کلب نارنگ کے صدر میاں محمد نواز نے جنرل سیکرٹری محمد صاحب میو میاں عبدالمنان شاہد محمود بٹ اعظم علی باجوہ کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے شہریوں سے اپیل ہے کہ غیر مصدقہ معلومات کی تشہیر سے پرہیز کریں موجودہ صورتحال میں پاکستان اور اداروں کا ساتھ دیں ملک دشمن عناصر اور ان کے آلہ کاروں پر گہری نظر رکھیں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں بھارت جیسا بزدل دشمن ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا ہم اللہ تعالیٰ کی مدد اور رحمت پر یقین رکھتے ہیں مسلح افواج ہماری سرحدی کی ضامن ہیں بھارت نے رات کے اندھیرے میں جو بزدلانہ کاروائی کی اسے جواب دیا گیا اور مزید جواب ملے گا۔



## وطن عزیز کی سالمیت و استحکام کیلئے افواجِ پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں: مولانا محمد حسان صدیقی

### پوری پاکستانی قوم بیدار، متحد اور ہر محاذ پر ریاست اور ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

دیپال پور (زاہد عمران۔ نجوٹہ) مرکز توحید و سنت جامعہ ریاض الجنۃ میں نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی، بزرگ شخصیت مولانا عبدالحکیم مدرس جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی نے سفیر امن الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی کی زیر صدارت ہونے والی "دفاع وطن و یکجہتی افواج پاکستان" کانفرس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سالمیت و استحکام کیلئے افواج پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں پہلگام واقعے پر بھارت کے جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈے کو یکسر مسترد کرتے ہیں پوری پاکستانی قوم بیدار، متحد اور ہر محاذ پر ریاست اور ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انڈیا کا بے گناہ بچوں، عورتوں، بزرگوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا عالمی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بھارت کا اپنے شہریوں اور سکھوں کو نشانہ بنا پاکستان پر دراندازی کا خواب بھی پورا ہونے نہیں دیں گے پاکستانی افواج کی انڈیا کیخلاف بھرپور دفاعی کاروائی پر قوم کا سر فخر سے بلند ہے بھارتی فضائیہ کے کروڑوں ڈالر کے جدید ترین طیارے تباہ کرنا بہت بڑی کامیابی ہے پاک فوج اپنی آزادی و خودمختاری اور پاکستانی قوم کی سلامتی اور تحفظ پر کوئی آنچ آنے نہیں دے گی مودی اور اسکے حواری کو ہر میدان میں منہ کی کھانی پڑے گی گائے کے پجاری اللہ کے آگے سر جھکانے والوں کو کسی میدان میں شکست نہیں دے سکتے صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی نے پوری پاکستانی قوم سے کہا کہ سیاسی، سماجی وابستگیوں اور سل، قوم، زبان سے بالاتر ہو کر علی الاعلان ریاست اور ریاست کے اداروں افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں اس موقع پر موجود ڈرائیورز سے گاڑیوں کی حالت اور مسائل کی بابت معلومات حاصل کیں اور فوری طور پر تمام نقائص دور کرنے کے احکامات جاری کیے کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ایم پی او کو خصوصی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حوالاتیوں کو منتقل کرنے والی گاڑیوں کی کیپٹنس کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کوئی رکاوٹ نہ پیش آئے۔

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے پولیس کے زیر استعمال گاڑیوں کی اسپکشن کی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے پولیس کے زیر استعمال گاڑیوں کی اسپکشن کی۔ اس موقع پر ایس پی انوسٹی گیشن ملک ظفر عباس، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر عبدالقادر، ایم ٹی او اور لائن آفیسر بھی موجود تھے، انسپکشن کے دوران ڈی پی او نے تمام گاڑیوں کے انجن، ٹائرز، بیٹریوں اور دیگر تکنیکی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اس موقع پر موجود ڈرائیورز سے گاڑیوں کی حالت اور مسائل کی بابت معلومات حاصل کیں اور فوری طور پر تمام نقائص دور کرنے کے احکامات جاری کیے کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ایم پی او کو خصوصی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حوالاتیوں کو منتقل کرنے والی گاڑیوں کی کیپٹنس کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کوئی رکاوٹ نہ پیش آئے۔

## افواج پاکستان نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا ہے۔ خواجہ عامر جاوید

### ڈی سی آفس کنٹرول روم کے دورہ کے موقع پر ڈی پی جی آر سیالکوٹ آفیسر سید قاسم عابد رضوی کے ساتھ خصوصی ملاقات



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو سیالکوٹ خواجہ عامر جاوید کی ڈی سی آفس کنٹرول روم کے دورہ کے موقع پر ڈی پی جی آر سیالکوٹ آفیسر سید قاسم عابد رضوی کے ساتھ خصوصی ملاقات ہوئی۔ بھارتی جارحیت کے دوران معصوم بچوں سمیت پاکستانیوں کی شہادتوں پر بلندی درجات کی دعا کی گئی بعد ازاں سنیئر صحافیوں و اینکر پرسن سید قاسم عابد رضوی اور قوت بیورو سیالکوٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ازلی مکار دشمن بھارت نے پاکستان کیخلاف جارحیت کی فوری دفاعی حکمت عملی کے تحت پاکستان ایئر فورسز کیجانب سے بھارتی ایئر فورس کے غرور تین رافیل و دو دیگر جنگی طیاروں کو مار گرایا گیا جس کی تصدیق معہ تصاویر بین الاقوامی جریدوں اور میڈیا نے بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے پیچھے حکومت اور پاکستانی قوم کھڑی ہے اور اب بھارت پر حملہ کیلئے افواج پاکستان کو حکومت نے فری ہینڈ دے دیا ہے۔ انشاء اللہ جلد افواج پاکستان بھارتی جارحیت کا موثر مکمل اور بھرپور طاقت کیساتھ جواب دینگی ہم اپنی افواج کیساتھ کھڑے ہیں۔

## ایس ایچ او صدر تلہ گنگ راجہ عماد کا مختلف مساجد کا دورہ

### جمعہ کے بعد لوگوں کو ملکی جنگی حالات کے پیش نظر ضروری ہدایات دیں



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ریٹائرڈ ڈاکٹر محمد الدین ڈی پی او چکوال اور ایس ڈی پی او تلہ گنگ کے ہمراہ ایس ایچ او صدر تلہ گنگ راجہ عماد کی مساجد میں آمد، جمعہ کے بعد لوگوں کو ملکی جنگی حالات کے پیش نظر ضروری ہدایات دیں، سائرن بجنے کی صورت میں عمارت کے اندرونی محفوظ حصہ میں پناہ لیں، رات کے وقت بیرونی اور غیر ضروری لائٹس نا جلائیں، ہنگامی حالت میں عمارت میں فرسٹ ایڈ بیگ، پانی، ٹارچ، اور خشک راشن ہونا چاہیے عمارت سے ہنگامی اخلا کے راستوں کی نشاندہی کریں اور انہیں بلا رکاوٹ کھلا رکھیں، سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی غیر مصدقہ خبروں سے ہوشیار رہیں

## وطن عزیز کی سالمیت و استحکام کیلئے افواجِ پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں: مولانا محمد حسان

### پہلگام واقعے پر بھارت کے جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈے کو یکسر مسترد کرتے ہیں

دیپال پور (مرزا فاروق احمد کھٹی سے) مرکز توحید و سنت جامعہ ریاض الجنۃ میں نوجوان مذہبی سکالر صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی، بزرگ شخصیت مولانا عبدالحکیم مدرس جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی نے سفیر امن الحاج حافظ محمد شعبان صدیقی کی زیر صدارت ہونے والی "دفاع وطن و یکجہتی افواج پاکستان" کانفرس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سالمیت و استحکام کیلئے افواج پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں پہلگام واقعے پر بھارت کے جھوٹے، بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈے کو یکسر مسترد کرتے ہیں پوری پاکستانی قوم بیدار، متحد اور ہر محاذ پر ریاست اور ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انڈیا کا بے گناہ بچوں، عورتوں، بزرگوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا عالمی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے بھارت کا اپنے شہریوں اور سکھوں کو نشانہ بنا پاکستان پر دراندازی کا خواب بھی پورا ہونے نہیں دیں گے پاکستانی افواج کی انڈیا کیخلاف بھرپور دفاعی کاروائی پر قوم کا سر فخر سے بلند ہے بھارتی فضائیہ کے کروڑوں ڈالر کے جدید ترین طیارے تباہ کرنا بہت بڑی کامیابی ہے پاک فوج اپنی آزادی و خودمختاری اور پاکستانی قوم کی سلامتی اور تحفظ پر کوئی آنچ آنے نہیں دے گی مودی اور اسکے حواری کو ہر میدان میں منہ کی کھانی پڑے گی گائے کے پجاری اللہ کے آگے سر جھکانے والوں کو کسی میدان میں شکست نہیں دے سکتے صاحبزادہ مولانا محمد حسان صدیقی نے پوری پاکستانی قوم سے کہا کہ سیاسی، سماجی وابستگیوں اور سل، قوم، زبان سے بالاتر ہو کر علی الاعلان ریاست اور ریاست کے اداروں افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں۔

## افواج پاکستان نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا ہے۔ خواجہ عامر جاوید

### ڈی سی آفس کنٹرول روم کے دورہ کے موقع پر ڈی پی جی آر سیالکوٹ آفیسر سید قاسم عابد رضوی کے ساتھ خصوصی ملاقات

DAILY QUWAT
# ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# بھارت کو منہ توڑ جواب!

منگل 6) مئی (2025 اور بدھ 7) مئی ( کی درمیانی شب دنیا کی فوجی تاریخ میں اس اعتبار سے یادگار کہلائے گی کہ اسکے دوسرے نصف حصے میں پاکستان کو جارحیت کا نشانہ بنانے والے ملک بھارت کو ایسی منہ کی کھانی پڑی کہ اسے لائن آف کنٹرول پر واقع جوا کمپلیکس پر سفید جھنڈا لہرا کر اپنی شکست تسلیم کرنا پڑی۔ بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر بزدلانہ حملہ کرتے ہوئے مظفر آباد، کوٹلی، باغ، احمد پور شرقیہ، مرید کے اور بہاولپور سمیت مختلف مقامات پر اپنی فضائی حدود سے میزائل فائر کیے۔ جن میں سویلین آبادی اور مساجد کو نشانہ بنایا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق اس حملے میں 8 شہری شہید، 35 زخمی ہوئے۔ جبکہ نکیال سیکٹر میں گولہ باری سے دو طالبعلم بہن بھائی شہید ہو گئے۔ پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے کپواڑہ، بارمولہ، راجوڑی، کارگل، لیہ، پونچھ اور اکھنور سمیت کئی مقامات پر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ جبکہ پاک فضائیہ نے دشمن کے تین رافیل طیارے، ایک سخوئی طیارہ، ایک مگ طیارہ مار گرایا۔ علی الصبح تک سیکورٹی ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے بموجب دشمن کے 6 طیارے زمین بوس ہوئے ہیں۔ جن میں سے پانچ کی باضابطہ تصدیق کی جا چکی تھی۔ تین ڈرون طیارے اور کئی کواڈ کاپٹرز گرائے جانے کی اطلاعات بھی ہیں جبکہ بریگیڈ ہیڈ کوارٹر اور دھنیال سیکٹر میں چیک پوسٹ کو بھی تباہ کر دیا گیا ہے، جس سے ہندوستان میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ پاکستان کے تمام طیارے محفوظ ہیں۔ کنٹرول لائن پر گولہ باری سے بھارتی فوجیوں کی ہلاکت کی بھی اطلاعات ہیں۔ پاکستان کی فضائی حدود 48 گھنٹوں کیلئے بند کر دی گئی ہیں جبکہ بیرون ملک سے آنے والی پروازوں کا رخ موڑ دیا گیا ہے۔ اسلام آباد نے سلامتی کونسل کو صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان مناسب وقت اور اہداف پر جواب کا حق رکھتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قومی سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کر لیا جس کی کارروائی ان سطور کی اشاعت سے پہلے سامنے آچکی ہوگی۔ وزیراعظم کے مشیر طارق فاطمی نے بھارت کی طرف سے کنٹرول لائن پر سفید جھنڈا لہرانے کے واقعہ کو بھارت کے اعتراف شکست سے تعبیر کرتے ہوئے اس بات کی نشاندہی کی کہ پورے بحران کے دوران پاکستان نے دفاعی، سفارتی، انٹیلیجنس میدانوں میں اپنی بالادستی ثابت کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارتی حملے میں سویلین آبادیوں اور مساجد کو نشانہ بنایا گیا۔ جبکہ پاکستان نے جواب میں صرف فوجی مقامات اور تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے۔ پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے مرید کے اور بہاولپور میں مساجد پر کئے گئے میزائل حملوں کو بھارتی وزیراعظم اور آر ایس ایس کی ہندوتوا سوچ کی عکاسی قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا موقف ہے کہ دنیا پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ ان کے ترجمان نے منگل کو کہا کہ سیکرٹری جنرل پاکستان میں بھارتی فوجی حملوں پر بہت فکر مند تھے۔ یہ بیان بھارت کی جانب سے پاکستانی علاقے میں نو مقامات کو نشانہ بنانے کے دعوے کے چند گھنٹوں کے بعد سامنے آیا۔ ایسے وقت، کہ امریکہ کی طرف سے بھی دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ سے رابطے کی صورت میں پاک بھارت کشیدگی دور کرنے کی کوشش سامنے آرہی ہیں یہ بات واضح ہے کہ معاملہ پھر سلامتی کونسل میں جانے کو ہے۔ اس باب میں عالمی ادارے کو اقوام متحدہ کی کشمیر سے متعلق قراردادوں پر عرشوں سے التوا میں پڑے اقدامات پر سنجیدہ توجہ دینے کے علاوہ دہشت گردی ختم کرنے کی ان کاوشوں میں موثر کردار ادا کرنا چاہئے جن کی جانب پاکستان ڈوزیئرز کی صورت میں توجہ دلاتا رہا ہے۔

## آبی تحفظ

آبی ماہرین ایک طویل عرصے سے خبردار کر رہے ہیں کہ مستقبل میں جنگیں پانی پر ہوں گی جس کا بھارت نے پاکستان کیخلاف جارحیت کا ارتکاب کر کے باقاعدہ آغاز کر دیا ہے اور اپنے بزدلانہ حملے میں پاکستان کے ہائیڈرو اسٹرکچر کو بھی نشانہ بنایا۔ بھارتی حکومت سندھ طاس معاہدے کے معطلی، دریاؤں کا رخ موڑنے، بگلیہار اور سلال ڈیموں کے ذریعے ہمارا پانی بند کر رہی ہے۔ پاکستان میں پانی کی قلت شدید ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ ذخیرہ کرنے کی سہولیات میں کمی، ناقص انتظام اور موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات اسکے بڑے اسباب ہیں۔ آبپاشی میں استعمال ہونے والا تقریباً 60 فیصد پانی فرسودہ طریقوں، نہروں کی ناقص دیکھ بھال اور پانی کی تقسیم کے ناکارہ نظام کی وجہ سے ضائع ہو جاتا ہے۔ 1951 میں فی کس پانی کی دستیابی پانچ ہزار کیوبک میٹر سالانہ تھی جو آج ایک ہزار سے بھی کم رہ گئی ہے اور آنے والے دنوں میں اسکے پانچ سو کیوبک میٹر رہ جانے کا خدشہ ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ملک میں پانی کی طلب میں اوسطاً سالانہ 10 فیصد کی شرح سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ہمارے آبی وسائل کے انتظام کو مختلف چیلنجوں کا سامنا ہے۔ اس حوالے سے اسلام آباد میں دو روزہ عالمی کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں 100 مقالے پیش کیے گئے اور آبی نظم و نسق کیلئے تحقیق، ٹیکنالوجیز کے کردار کو مضبوط بنانے، ماحولیاتی تبدیلی، خوراک و زراعت، برفباری، گلیشیائی صورتحال اور آبی وسائل

## بھارت کا پاکستان پر حملہ اور عبرتناک شکست

)ریلوے درست سمت کی طرف گامزن پاکستان ریلوے کے حالات پہلے سے بہت بہتر ہوئے ہیں اور درست سمت کی طرف گامزن ہے تاہم اس میں مزید بہتری کی گنجائش رہتی ہے اور اس کے لیے وزیر ریلوے اپنی ریلوے ٹیم کے ساتھ انقلابی انداز سے کام کو آگے بڑھا رہے ہیں تاکہ ریلوے کو مزید فعال اور مضبوط بنایا جائے۔ پاکستان ریلوے موجودہ حکومت کی پالیسیوں کو سامنے رکھتے ہوئے ریلوے کے محکمانہ امور کو آگے بڑھا رہا ہیوفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ریلوے کی وزارت سنبھالتے ہی اپنی ترجیحات کے بارے میں نہ صرف ریلوے حکام بلکہ میڈیا کے توسط سے عام پبلک کو بھی واضح پیغام پہنچایا۔ انہوں نے ترجیحات کا تعین کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے کو منافع بخش ادارہ بنانا میرا مشن، فریٹ ٹرینوں سے آمدن میں اضافہ، ریلوے زمینوں کو صحیح مصرف میں لا کر آمدن میں اضافہ کرنا، آٹ سورسنگ کے ذریعے ریلوے کے مختلف شعبوں میں بہتری لانا، مسافروں کے لیے سفری سہولیات میں اضافہ، ٹرینوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی ستھرائی کے نظام میں مزید بہتری لانے، ریلوے تنصیبات سمیت ٹرینوں کی سکیورٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، مختلف سیکشنوں پر بند کی گئی ٹرینوں کی مرحلہ وار بحالی اور بنیادی ڈھانچے کو نہ صرف بہتر بلکہ مضبوط بنایا جائے گا۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے مناسب اقدامات اور بہتر کوارڈینیشن کے ذریعے ٹرین آپریشن اور مسافروں کو دی جانے والی سہولتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ مختلف سیکشنوں پر بند ہونے والی ٹرینیں بحال ہونا شروع ہو چکی ہیں۔ پہلے مرحلے میں وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے وزیر توانائی سردار احمد خان لغاری کے ہمراہ ڈی جی خان سے ملتان کے درمیان موسی پاک شٹل ٹرین کا 16 اپریل سے باقاعدہ افتتاح کر دیا اور بعد ازاں عوام کے بے حد اصرار پر وزیر ریلوے نے پشاور اور کراچی کے درمیان چلنے والی خوشحال خان خٹک ایکسپریس جو کہ عرصہ 5 سال سے بند تھی اسے بھی 24 اپریل 2025 سے ٹریک پر رواں دواں کر دیا گیا۔ جس سے ایم ایل ون کے ساتھ ساتھ ایم ایل ٹو پر بھی ٹرینوں کی آمدورفت بحال ہو گئی ہے جو کہ بہت ہی خوش آئند بات ہے۔ قبل ازیں فروری میں لاہور۔ کراچی۔ لاہور کے درمیان چلنے والی شاہ حسین ایکسپریس کو بھی ریلوے حکام نے بحال کر کے مسافروں کے لیے سفری سہولیات میں اضافہ کیا۔ وزیر ریلوے نے ریلوے ملازمین اور ان کی فیملیز کو صحت اور معیاری تعلیم کی سہولتیں مہیا کرنے کے لیے ریلوے ہسپتالوں اور سکولوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آٹ سورس کرنے کا پلان تیار کیا ہے اور اس کے لیے باقاعدہ اخبارات میں اشتہار بھی جاری کیا جا چکا ہے اور روڈ شو بھی منعقد کیے جا رہے ہیں تاکہ پرائیویٹ سیکٹر کی شمولیت کو یقینی بنا کر ریلوے کو سالانہ اربوں روپے کی بچت ہو سکے۔ وزیر ریلوے پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ پاکستان ریلوے قومی اثاثہ ہے اس کی نجکاری ہرگز نہیں کریں گے بلکہ ریلوے کے نظام کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ جس کے لیے صرف ایک پائیدار شفاف شراکت داری کے ماڈل پر کام شروع کیا جا چکا ہے۔ ریلوے زمینوں کے حوالے سے یہ بات کی جا چکی ہے کہ ریلوے کی تمام ایسی اراضی جہاں پر لوگوں نے ناجائز تجاوزات یا غیر قانونی سہارا لیتے ہوئے قبضے کیے ہوئے ہیں ان کو ہر حالت میں واگزار کروا کر ریلوے کے سسٹم میں شامل کیا جائے گا۔ چونکہ پاکستان ریلوے کے پاس ایسی پرائم لوکیشنز پر زمینیں موجود ہیں جنہیں شفاف اور



معیاری بنیادوں پر لیز اٹ کر کے ریلوے کے خزانے میں اربوں روپیہ جمع کیا جا سکتا ہے۔ ریلوے کے تمام ڈویژنل آفسز نے ریلوے کی زمینوں کو واگزار کروانے کے لیے کمر کستے ہوئے اینٹی انکروچمنٹ آپریشن شروع کیے ہوئے ہیں جس سے سینکڑوں ایکڑ ریلوے اراضی اب تک قبضہ مافیا سے واگزار کروائی جا چکی ہے۔ جس کی مالیت اربوں روپے میں بنتی ہے۔ وزیر ریلوے کی خصوصی ہدایت پر پاکستان ریلوے نے عید الفطر کے موقع پر پانچ سپیشل ٹرینیں چلائیں اور انہیں مقررہ وقت پر ان کی منزلیں مقصود پر پہنچایا گیا اور اس کے علاوہ تمام ٹرینوں کی تمام کلاسز میں عید کے تینوں روز ریلوے کرایوں میں 20 فیصد تک کی کمی کی گئی جس کا بھرپور فائدہ مسافر حضرات نے اٹھایا اور ریلوے کو بھی خاطر خواہ آمدنی حاصل ہوئی۔ پاکستان ریلوے کے پاس اب مسافر اور فریٹ کو چز کی تیاری کے لیے جدید ٹیکنالوجی موجود ہے جس کی مدد سے مقامی سطح پر اپنی ورکشاپس میں فریٹ اور پسنجر کی نئی کوچز تیار کی جا رہی ہے۔ ابھی چند روز پہلے ہی وفاقی وزیر ریلوے نے ورکشاپس مغلپورہ میں تیار کی گئیں ہائی کپیسٹی فلیٹ فریٹ ویگنز کا کینٹ ریلوے اسٹیشن پر افتتاح کیا اور انہیں ریلوے کے بیڑے میں شامل کیا گیا۔ جبکہ کیرج فیکٹری اسلام آباد میں جدید سہولیات سے مزین پسنجر کوچز تیار کی جا رہی ہیں تاکہ مسافروں کو بہترین سفری سہولتیں سے آراستہ مسافر کوچز دستیاب ہو سکیں اور ان کا سفر پرسکون اور آرام دے ہو سکے۔ پاکستان ریلوے نے مالی سال 25 - 2024 کے ابتدائی 10 ماہ میں ریکارڈ 75 ارب آمدنی حاصل کی ہے۔ جس میں فریٹ سیکٹر سے 40 ارب روپے، مسافر ٹرینوں سے 26 ارب روپے جبکہ ریلوے زمینوں اور دیگر ذرائع سے 9 ارب روپے کمائے جا چکے ہیں .واضح رہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے ریلوے کو رواں مالی سال میں 109 ارب روپے آمدنی حاصل کرنے کا ٹارگٹ ملا ہوا ہے جس کے لیے پاکستان ریلوے نے تمام شعبوں میں ترقی کے عمل کو تیز کیا ہوا ہے تاکہ پچھلے مالی سال کی حاصل کردہ آمدنی 88 ارب کا اپنا ہی ہدف نہ صرف توڑا جائے بلکہ حکومتی ٹارگٹ کو بھی مکمل کرنے کی بھرپور کوشش کی جا رہی ہے۔ آمدنی اور ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کے باوجود آپریشنل اور فیول اخراجات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ پاکستان ریلوے انٹرریجنل کنیکٹیویٹی کے منصوبوں کو اہمیت دے رہا ہے اور ان منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے بیرون ممالک سے وفود پاکستان آ بھی رہے ہیں اور پاکستان سے بیرون ملک جا بھی رہے ہیں تاکہ ان پر تیزی سے عمل درآمد ہو سکے۔ اس کے علاوہ تھر کول منصوبہ سندھ حکومت اور پاکستان ریلوے دونوں کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے جس کے لیے پاکستان ریلوے ایک نئی لائن بچھانے کے لیے تیزی سے کام کر رہا ہے تاکہ منصوبہ مقررہ وقت میں مکمل کر کے کول کی ٹرانسپورٹیشن شروع کر سکے۔ اس منصوبے کی تکمیل سے سندھ حکومت اور ریلوے دونوں کو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ وزیر ریلوے ملک بھر کے ریلوے اسٹیشنوں کے دورے کر رہے ہیں تاکہ مسافروں کو دی جانے والی سہولتوں اور صفائی ستھرائی کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق کیا جا سکے۔ صوبائی فوڈ اتھارٹیوں کو ریلوے اسٹیشنوں پر بغیر اجازت کھانے پینے کا معیار چیک کرنے کی اجازت ہوگی۔ ریلوے اسٹیشنوں پر صفائی ستھرائی کے انتظامات ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے حوالے کیے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی ریلوے اسٹیشن کی ذمہ داری کمپنی کو دے دی گئی۔ مرحلہ وار تمام اسٹیشنوں کی صفائی آٹ سورس کی جائے گی۔ ابتدائی مرحلہ میں لاہور، فیصل آباد، گجرانوالہ، خانیوال اور ملتان کے ریلوے اسٹیشن بھی کمپنی کے حوالے کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ سندھ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سے بھی بات کے لیے افسران کو ٹاسک دے دیا ہے۔ اس اقدام سے ریلوے سے سفر کرنے والے مسافروں کو بہتر اور خوشگوار ماحول میسر آئے گا۔ پہلی دفعہ وزیر ریلوے کے احکامات کی روشنی میں پاکستان ریلویز نے تمام لگژری سیلونز بشمول وزیراعظم پاکستان کے استعمال میں رکھی گئی سیلون کو بھی مسافروں کی بکنگ کے لیے پیش کر دیا ہے۔ اس سے قبل کوئی بھی مسافر وزیراعظم پاکستان، وزیر ریلوے، چیئرمین، سی ای او اور آئی جی کے سیلون کی بکنگ نہیں کروا سکتے تھے۔

## سماجی جبر ریاستی جبر سے زیادہ خطرناک ہے

تحریر: ڈاکٹر اصغر دشتی

سماجی جبر ریاستی جبر سے کہیں زیادہ خطرناک ہوتا ہے کالم کا یہ عنوان جان اسٹورٹ مل کی کتاب On Liberty سے ماخوذ ایک فکر انگیز جملے پر مبنی ہے۔ یہ کالم جان اسٹورٹ مل کے اس اختباہ سے آغاز لیتا ہے کہ اصل استبداد صرف حکومت نہیں بلکہ وہ سماج ہوتا ہے جو سوچنے کا حق چھین لیتا ہے۔

یعنی جب کوئی جبر ریاست، قانون یا پولیس کے ذریعے نہیں بلکہ رسم رواج، مذہب، ثقافت یا اکثریتی رائے کے نام پر کیا جائے تو وہ زیادہ گہرا اور خطرناک ہوتا ہے کیونکہ وہ مزاحمت کی گنجائش تک ختم کر دیتا ہے۔ یہ جملہ ہمیں خبردار کرتا ہے کہ سماجی دباو ایک خاموش جیل اور قید ہے جس میں انسان اپنی مرضی سے سوچنے جینے اور بولنے سے ڈرنے لگتا ہے۔

جمہوریت بھی استبداد اور مطلق العنانی میں بدل سکتی ہے اگر اکثریت اپنے نظریات سماجی سطح پر اقلیت پر تھوپنے لگے۔

حقیقی آزادی صرف قانون کے ذریعے تحفظ کا نام نہیں بلکہ سماجی قبولیت اور فکری آزادی کا نام بھی ہے۔

انیسویں صدی کا برطانیہ صنعتی انقلاب، نو آبادیاتی توسیع اور جمہوریت کی ابتدائی لہر سے گزر رہا تھا۔ ایسے دور میں جب آزادی کا مطلب صرف ریاستی و سیاسی جبر سے نجات سمجھا جاتا تھا معروف فلسفی اور سیاسی مفکر جون اسٹورٹ مل نے 1859 میں On Liberty کے عنوان سے ایک ایسی کتاب لکھی جس نے فرد کی آزادی کے مفہوم کو ایک نئی فکری سمت عطا کی۔ یہ کتاب محض ایک فلسفیانہ مقالہ نہیں تھا بلکہ فرد اور سماج کے تعلق کی ایک گہری تفہیم بھی تھی جو آج کے پاکستان جیسے گھٹن زدہ سماج کے لیے بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ یہ امر واضح رہے کہ جے۔ ایس مل کو پوسٹ کالونیل مفکر نہیں کہا جا سکتا کیونکہ وہ نو آبادیاتی دور کے برطانوی فلسفی تھے اور ایسٹ انڈیا کمپنی سے وابستہ رہے تھے۔ ان کے نزدیک غیر یورپی اقوام پر قبضہ جائز تھا جسے وہ تہذیبی مشن سمجھتے تھے۔ تاہم ان کی فکر جیسے Harm Principle، آزادی اظہار اور انفرادیت بعد میں پوسٹ کالونیل تنقید کے لیے اہم نکات بنے۔ وہ خود اگرچہ نو آبادیاتی نظام کے ناقد نہیں تھے مگر ان کے نظریات کو تنقیدی انداز میں پڑھ کر نو آبادیاتی جبر اور لبرل آزادی کے تضادات کو سمجھا جا سکتا ہے۔

مل کا بنیادی سوال یہ ہے کہ ریاست یا سماج کسی فرد کی آزادی کو محدود کرنے کا حق کس بنیاد پر رکھتا ہے؟ مل اس کا واضح اور سادہ جواب Harm Principle ہارم پرنسپل کی شکل میں دیتے ہیں۔ یعنی کسی فرد کی آزادی کو صرف اسی صورت میں روکا جا سکتا ہے جب اس کا عمل دوسروں کو نقصان پہنچا رہا ہو۔ یہ اصول فرد کو اپنی ذات، خیالات، طرزِ زندگی حتیٰ کہ غلطی کرنے کے حق تک کی آزادی دیتا ہے بشرطیکہ وہ دوسروں کے حقوق پامال نہ کرے۔ مل نے اپنی Harm Principle کو فرد کی آزادی کی حدود کے تعین کے لیے ایک بنیادی اصول کے طور پر پیش کیا۔ یہ اصول آج بھی جدید سیاسی و سماجی فکر میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔

مل لکھتا ہے کہ

کسی مہذب سماج کے کسی بھی فرد پر اس کی مرضی کے خلاف طاقت صرف اسی وقت استعمال کی جا سکتی ہے جب اس کے عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچ رہا ہو

اس تحریر میں جائزہ لینے کی کوشش کی جائے گی کہ ہارم پرنسپل ہوتا کیا ہے اور اس کی کیا خصوصیات

قوت

# SPORTS



اس تصویر میں امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس واشنگٹن میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران) اے ایف پی/ رائٹرز/ اے پی)

## چین اور روس کے تعلقات مسلسل نئی قوت حاصل کر رہے ہیں، چینی صدر

### عوامی تبادلوں کو مضبوط بنانا دوررس اہمیت کا حامل ہے، شی جن پھنگ کی گفتگو



بیجنگ (این این آئی) چین کے صدر شی جن پھنگ نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی تبادلوں کو مضبوط بنانا بڑی اور دوررس اہمیت کا حامل ہے۔ امید ہے کہ دونوں ممالک کے ذرائع ابلاغ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی دوستی کو فروغ دینے کے لیے تحریک پیدا کریں گے، چین اور روس کے درمیان نئے دور میں ہم آہنگی کی جامع استراتیجک شراکت داری کی ترقی میں نئی روشنی پیدا کریں گے، اور نئی نوع انسان کے ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ اس کی مشعل، ہائنہ کا نیا باب - جاپانی جارحیت کے خلاف چینی عوامی جنگ اور سوویت یونین کی عظیم جب الوطنی جنگ کی فتح کی 80 ویں سالگرہ کی یاد میں چین - روسی ثقافتی تبادلے کی سرگرمی کا انعقاد چائنا میڈیا گروپ نیاگی دن ماسکو میں روسی براڈکاسٹنگ کمپنی کے ساتھ مشترکہ طور پر کیا تھا۔ اسی دن روسی صدر ولادیمیر پوٹن نے بھی اس تقریب کو مبارکباد کا پیغام بھیجا تھا۔

شی جن پھنگ نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی تبادلوں کو مضبوط بنانا دوررس اہمیت کا حامل ہے، شی جن پھنگ کا نایاب - جاپانی جارحیت کے خلاف چینی عوامی جنگ اور سوویت یونین کی عظیم جب الوطنی جنگ کی فتح کی 80ویں سالگرہ کے موقع پر چین روس ثقافتی تبادلے کی سرگرمی کو ایک مبارکبادی پیغام بھیجا ۔جمعرات کے روز شی جن پھنگ نے نشاندہی کی کہ 80 سال قبل چینی عوام اور روسی عوام نے مشترکہ طور پر عالمی فسطائیت مخالف جنگ کی فتح میں اٹوٹ تاریخی کردار ادا کیا، ایک تاریخی قسمت ساتھی دوستی قائم کی اور دوطرفہ تعلقات کی اعلیٰ سطحی ترقی کی مضبوط بنیاد رکھی۔ آج، 80 سال بعد، چین اور روس کے تعلقات مسلسل نئی قوت حاصل کر رہے ہیں اور مضبوط تعلقات کی ایک نئی مثال قائم کر رہے ہیں۔




اکاتھیل بلیک کے ذریعے فیصلہ ایک موبائل بل بورڈ 17 جنوری 2023 کو مینلو پارک، کیلیفورنیا میں میٹا ہیڈ کوارٹر کے باہر نظر آ رہا ہے) اے ایف پی(

## سعودی عرب العلا میں میونخ سیکورٹی کانفرنس کے لیڈرز کی میزبانی کرے گا

### میزبانی کا اعلان میونخ لیڈرز میٹنگ میں کیا گیا جو 5 سے 7 مئی کو واشنگٹن میں منعقد ہوئی، رپورٹ

ریاض (پی این این) سعودی عرب رواں سال 2025 کی آخری سہ ماہی میں العلا گورنریٹ میں میونخ سیکورٹی کانفرنس کے چیف کے اجلاس کی میزبانی کرے گا۔عرب نیوز کے مطابق میزبانی کا یہ قدم سماجی اور سیاست کے شعبوں میں بین الاقوامی مکالمے کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر سعودی عرب کے کردار کو اجاگر کرے گا۔اس میزبانی کا اعلان میونخ لیڈرز میٹنگ میں کیا گیا جو 5 سے 7 مئی کو واشنگٹن میں منعقد ہوئی۔اس میٹنگ میں سعودی عرب کی ثمانیکی وزارت خارجہ کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف پالیسی پلاننگ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر جنرل شہزادہ ڈاکٹر عبداللہ بن خالد بن سعود الکبیر نے کی۔اجلاس میں انہوں نے میونخ سیکورٹی کانفرنس کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ونیڈیکٹ فریک سے ملاقات کی۔ڈاکٹر فریک نے اس ایونٹ کی میزبانی لینے پر مملکت کی تعریف کی اور کہا کہ اجلاس کی تفصیلات اور مقاصد پر مشتمل ایک بیان بعد میں جاری کیا جائے گا۔ دریں اثنا شہزادہ ڈاکٹر عبداللہ بن خالد نے چین الاقوامی امن وسلامتی کی حمایت اور کثیر الجہتی، مکالمے کو فروغ دینے کے لیے سعودی عرب کے عزم کا اعادہ کیا۔

## حج پرمٹ کے بغیر سعودی عرب میں داخلے پر اگلے 10 سال تک پابندی

### لگے گی، مصر کی شہریوں کو انتباہ

قاہرہ (پی این این) مصر نے کہا ہے کہ حج پرمٹ کے بغیر سعودی عرب میں داخلے پر اگلے 10 سال تک پابندی لگے گی۔ عرب نیوز کی مطابق مصری وزارت خارجہ نے حج کی ادائیگی کے خواہش مند اپنے تمام شہریوں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ سعودی عرب کی جانب سے جاری کردہ ضوابط پر مکمل عمل کریں اور بغیر سرکاری اجازت نامے کے سفر نہ کریں، بصورت دیگر انھیں ملک بدر کر دیا جائے گا اور 10 سال کے لیے سعودی عرب میں داخلے پر پابندی لگا دی جائے گی۔ وزارت نے سعودی عرب میں تمام اداروں اور دیواں کے دورے پر موجود تمام مصریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ حج کے قواعد کی مکمل پابندی کریں تاکہ کسی قانونی کارروائی یا سزا سے بچ سکیں۔ ان ضوابط کی خلاف ورزی پر ان افراد پر جرمانہ لگایا جائے گا جو بغیر اجازت والے زائرین کو ریاض فراہم کریں گے، ان کی مدد کریں گے یا ان پر پردہ ڈالیں گے۔ یہ جرمانے ہر فرد کے حساب سے الگ الگ عائد کیے جائیں گے۔ ان ضوابط کی خلاف ورزی پر ان افراد پر جرمانہ کیا جائے گا جو بغیر اجازت والے زائرین کو ریاض فراہم کریں گے، ان کی مدد کریں گے یا ان پر پردہ ڈالیں گے۔ یہ جرمانے ہر فرد کے حساب سے الگ الگ عائد کیے جائیں گے۔

## متحدہ عرب امارات میں فراڈ کیس، نوجوان نے خاتون کے کریڈٹ کارڈ سے 96 ہزار درہم نکال لیے

دبئی (پی ایم این) متحدہ عرب امارات کی ریاست العین کی سامی وتجارتی عدالت نے ایک نوجوان کو 96 ہزار درہم لوٹنے کا جرم ثابت ہونے پر جرمانہ عائد کیا ہے جو اس نے خاتون کے کریڈٹ کارڈ سے دھوکے سے نکالے تھے۔ عرب نیوز کی مطابق خاتون نے العین کی عدالت میں ایک جعل ساز کے خلاف مقدمہ دائر کیا جس میں کہا گیا کہ ملزم نے اسے ٹیلی فون کیا اور یقین دلایا کہ وہ اماراتی بینک کا نمائندہ ہے۔ اس نے کریڈٹ کارڈ نمبر اور پن کوڈ بھی لیا۔ خاتون کا کہنا تھا کہ ملزم نے اس کے کریڈٹ کارڈ سے 96 ہزار درہم نکالے۔ اس کی رقم اور 50 ہزار درہم ہرجانے کے علاوہ عدالتی اخراجات ادا کرائے جائیں۔ ملزم نے موقف اختیار کیا کہ یہ رقم اس کے اکاؤنٹ میں منتقل ہو گئی تھی جس پر اسے واپس کر دیا گیا تھا۔ میرے پاس کچھ نہیں۔ عدالت نے کیس کی تمام تر شہادت کا مطالعہ کرنے اور ویڈیو دیکھنے کے بعد فیصلہ کیا کہ خاتون کا دعویٰ درست ہے۔ عدالت نے نوجوان کو حکم دیا کہ وہ خاتون کو 96 ہزار 904 درہم لوٹائے۔ علاوہ ازیں خاتون کو ہونے والی ذہنی اذیت کے ازالے کے لیے 50 ہزار درہم بھی ادا کیے جائیں۔ ملزم نے موقف اختیار کیا کہ یہ رقم اس کے اکاؤنٹ میں منتقل ہو گئی تھی جس پر اسے واپس کر دیا گیا تھا، میرے پاس کچھ نہیں۔

## نجی معیشت کے فروغ سے متعلق قانون بڑی آئینی اہمیت کا حامل ہے، چینی عہدیدار

### نجی معیشت کی ترقی کے لئے پارٹی اور ریاست کے بنیادی اصول اور پالیسیاں تبدیل نہیں ہوں گی

